## ڈاکٹر فاروق ستار کی سربراہی میں ایم کیوایم کے تین رکنی وفد کا وہائٹ ہاؤس کا دورہ

## صدر اوباما کے مشیر برائے بین الاقوامی معاشی امور ڈیوڈ لپٹن سے ملاقات

## پاک امریکہ تعلقات، دہشت گردی کے خلاف جنگ، عالمی معاشی بحران کے پاکستان پر اثرات، پاکستانی مصنوعات کی امریکی منڈیوں تک رسائی، دہشت گردی سے متاثرہ شمالی علاقوں کی معاشی ترقی اور دیگر امور پر تفصیلی تبادلہ خیال

## امریکی منڈیوں تک پاکستانی مصنوعات کی رسائی کو ممکن بنایا جائے اور سوشل سیکٹر میں منصوبوں میں معاونت کی جائے۔ ڈاکٹر فاروق ستار

## ایم کیوایم نارتھ امریکہ کے نگران اعلیٰ ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی اور ایم کیوایم امریکہ وکینیڈا کے نگراں عبادالرحمٰن بھی وفد میں شامل تھے

واشنگٹن۔۔۔4 مئی 2010ء

ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر اور وفاقی وزیر ڈاکٹر فاروق ستار کی سربراہی میں ایم کیوایم کے تین رکنی وفد نے وہائٹ ہاؤس کا دورہ کیا اور بین الاقوامی معاشی امور کے بارے میں صدر اوباما کے مشیر ڈیوڈ لپٹن سے ملاقات کی ۔ایم کیوایم کے وفد میں ڈاکٹر فاروق ستار کے علاوہ ایم کیوایم نارتھ امریکہ کے نگران اعلیٰ اور سابق وفاقی وزیر ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی اور ایم کیوایم امریکہ وکینیڈا کے نگراں عبادالرحمٰن بھی شامل تھے۔45منٹ جاری رہنے والی اس ملاقات میں پاک امریکہ تعلقات، دہشت گردی کے خلاف جاری جنگ، عالمی معاشی بحران کے پاکستان پر پڑنے والے اثرات، امریکہ کی جانب سے پاکستان کی مالی ومعاشی امداد، پاکستانی مصنوعات کی امریکی منڈیوں تک رسائی، دہشت گردی سے متاثرہ شمالی علاقوں کی معاشی ترقی اور دیگر امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈاکٹر فاروق ستار نے صدر اوباما کے مشیر ڈیوڈ لپٹن سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی معیشت مشکلات کا شکار ہے اور پاکستان کو معاشی بحران سے نکالنے کیلئے بہت ضروری ہے کہ امریکہ تجارت کے شعبہ میں پاکستان کی مدد کرے اور امریکی منڈیوں تک پاکستانی مصنوعات کی رسائی کو ممکن بنایا جائے اور پاکستان کو معاشی لحاظ سے مستحکم کرنے اور سوشل سیکٹر میں منصوبوں میں معاونت کی جائے۔ڈیوڈ لپٹن نے پاکستان میں سیاسی استحکام اور عام لوگوں کو آگے لانے کے سلسلے میں ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین کے کردار کی تعریف کی ۔

## سابق سٹی ناظم کراچی مصطفیٰ کمال کی سابق نائب امریکی وزیر خارجہ برائے جنوبی ایشیا جون نیگروپونٹے سے ملاقات

## دہشت گردی کے خلاف جاری جنگ، جغرافیائی سیاسی صورتحال اور پاکستان کے مجموعی حالات پر تفصیلی گفتگو

## مصطفیٰ کمال کی امریکی تھنک ٹینک وڈرو ولسن سینٹر کے ڈائریکٹر روبرٹ ہیتھ اوے ( Robert Hathaway ) سے ملاقات

واشنگٹن۔۔۔4 مئی 2010ء

سابق سٹی ناظم کراچی اور ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن مصطفیٰ کمال کی جنوبی ایشیا کے بارے میں سابق نائب امریکی وزیر خارجہ جون نیگروپونٹے سے واشنگٹن میں ملاقات ہوئی۔ ملاقات میں دہشت گردی کے خلاف جاری جنگ، جغرافیائی سیاسی صورتحال اور پاکستان کے مجموعی حالات پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔مصطفیٰ کمال نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کے کردار پر روشنی ڈالی۔جان نیگروپونٹے نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کے کردار اور پاکستانی افواج اور شہریوں کی قربانیوں کو سراہا۔

مصطفیٰ کمال نے واشنگٹن میں امریکی تھنک ٹینک وڈرو ولسن سینٹر ( Woodrow Wilson center ) کے ایشیا پروگرام کے ڈائریکٹر روبرٹ ہیتھ اوے ( Robert Hathaway ) سے بھی ملاقات کی اور ان سے جنوبی ایشیاء بالخصوص پاکستان اور افغانستان کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔

## جاپان کے نئے قونصل جنرل کی ایم کیوایم کے مرکز آمد کے موقع پر رابطہ کمیٹی سے ملاقات

کراچی۔۔۔4مئی 2010ء

جاپان کے نئے قونصل جنرل MATSAHARU SATO نے منگل کے روز متحدہ قومی موومنٹ کے مرکز نائن زیرو کا دورہ کر کے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان محترمہ نسرین جلیل اور کنور خالد یونس اور حق پرست صوبائی وزیر وسندھ اسمبلی میں ایم کیوایم کے پارلیمانی لیڈر رسید سردار احمد سے ملاقات کی اور ان سے پاکستان کی سیاسی ، معاشی اور اقتصادی صورتحال سمیت باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ کیا۔اس سے قبل جاپان کے قونصل جنرل اپنے پولیٹیکل آفسر ISHIKAWA کے ہمراہ جیسے ہی نائن

زیرو سے متصل خورشید بیگم میموریل ہال پہنچے تو ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان اور حق پرست نمائندوں نے ان کا استقبال کیا۔ ملاقات ایک گھنٹے تک جاری رہی اور امن وامان کی موجودہ صورتحال سمیت بلدیاتی الیکشن کے انعقاد کے حوالے سے تفصیل سے بات چیت ہوئی۔ رابطہ کمیٹی کے ارکان نے جاپان کے قونصل جنرل کو بتایا کہ قائد تحریک الطاف حسین اس ملک سے استحصالی اور جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ چاہتے ہیں اور ملک میں متوسط طبقے سے قیادت نکالنا چاہتے ہیں، ملک کے سب سے بڑے صوبے پنجاب میں ایم کیو ایم کا حالیہ پنجاب کنونشن اس سلسلے کی ایک کڑی ہے۔ رابطہ کمیٹی کے ارکان نے جاپان قونصل جنرل Matsaharu Sato کو ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین کی تصویری سوانحہ حیات پر مشتمل کتاب بھی پیش کی۔

## ممتاز عالم دین علامہ سید عون محمد نقوی کے گھر پر مسلح دہشت گردوں کا حملہ اور لوٹ مار کا واقعہ قابل مذمت ہے۔ رابطہ کمیٹی متحدہ قومی موومنٹ

## علامہ سید عون محمد نقوی کے گھر پر حملے اور لوٹ مار کی شرمناک اور مذموم حرکت وہی عناصر کر سکتے ہیں جو فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور امن و بھائی چارے کے دشمن ہیں۔ رابطہ کمیٹی

## علامہ سید عون محمد نقوی کو مکمل تحفظ فراہم کیا جائے اور انکے گھر پر حملے میں ملوث عناصر کو فی الفور گرفتار کیا جائے

کراچی۔۔۔4 مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ممتاز عالم دین علامہ سید عون محمد نقوی کے گھر پر مسلح دہشت گردوں کے حملے اور لوٹ مار کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ علامہ سید عون محمد نقوی نے اپنے خطبات میں ہمیشہ فرقہ وارانہ ہم آہنگی، امن و بھائی چارے اور اتحاد و یکجہتی کا درس دیا ہے جس کا اعتراف ہر امن پسند فرد کرتا ہے اور علامہ سید عون محمد نقوی کے گھر پر حملے اور لوٹ مار کی شرمناک اور مذموم حرکت وہی عناصر کر سکتے ہیں جو فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور امن و بھائی چارے کے دشمن ہیں۔ رابطہ کمیٹی نے علامہ سید عون محمد نقوی کے گھر پر حملے اور لوٹ مار کی شدید مذمت کرتے ہوئے وفاقی وصوبائی حکومت سے پرزور مطالبہ کیا کہ علامہ سید عون محمد نقوی کو مکمل تحفظ فراہم کیا جائے اور انکے گھر پر حملے میں ملوث عناصر کو فی الفور گرفتار کیا جائے۔ رابطہ کمیٹی نے اس واقعہ پر علامہ سید عون محمد نقوی اور ان کے تمام اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور یکجہتی کا اظہار کیا۔

## ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو پر حق پرست ارکان قومی اسمبلی کا اجلاس، پاکستان زرعی تحقیقاتی کونسل کے مستقل ملازمین کی شکایات کا جائزہ لیا گیا

## PARC کو ڈاکٹر ظفر الطاف اور ان کے غیر قانونی طور پر بھرتی کئے گئے مشیروں کی لوٹ مار سے فی الفور بچایا جائے

## اجلاس میں حق پرست ارکان قومی اسمبلی کا انتقامی طور پر ٹرانسفر اور غیر قانونی باتوں کو نہ ماننے پر شوکاز ملنے والے ملازمین سے یکجہتی کا اظہار

کراچی۔۔۔4، مئی 2010ء

حق پرست ارکان قومی اسمبلی اجلاس گزشتہ روز ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو سے متصل خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں منعقد ہوا جس میں اندرون سندھ اور کراچی سے آئے ہوئے پاکستان زرعی تحقیقاتی کونسل کے مستقل ملازمین کی شکایات کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں زرعی ماہرین نے بھی شرکت کی۔ اجلاس میں حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی کی واضح ہدایات کے باوجود چیئرمین PARC ڈاکٹر ظفر الطاف کی جانب سے غیر قانونی اور غیر اخلاقی سرگرمیوں اور کونسل کے مستقل ملازمین کو ہراساں کرنے کا سلسلہ جاری رکھنے پر گہری تشویش کا اظہار کیا۔ حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے ادارے میں ملازمین کے انتقامی طور پر ٹرانسفر اور غیر قانونی احکامات نہ ماننے کی پاداش میں شوکاز نوٹس دینے کا عمل ملازمین کے ساتھ کھلی زیادتی ہے جس سے ان میں شدید بے چینی پائی جا رہی ہے جبکہ ادارے کے ہیڈ آفس کو بھی کراچی سے اسلام آباد منتقل کرنے کی تیاری کی جا رہی ہے۔ حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے ملازمین سے یکجہتی کا اظہار کیا اور انہیں یقین دہانی کرائی کہ متحدہ قومی موومنٹ اس اہم قومی ادارے اور اس کے سائنسدانوں اور دیگر اسٹاف کو چیئرمین PARC اور اس کے غیر قانونی طور پر بھرتی کئے گئے 130 سے زیادہ نااہل مشیروں اور ایجنٹوں کی ریشہ دوانیوں سے بچانے کیلئے ہر فورم پر آواز اٹھائے گی ہے ادارے کے سندھ بھر کے تمام ملازمین کا بھرپور ساتھ دیگی۔ اجلاس میں حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ PARC کو ڈاکٹر ظفر الطاف اور ان کے غیر قانونی طور پر بھرتی کئے گئے مشیروں کی لوٹ مار سے فی الفور بچایا جائے اور ملک بالخصوص سندھ کے زرعی مسائل حل کرنے والے اس اہم وفاقی ادارے کو تباہی کا شکار ہونے سے بچانے کیلئے مثبت اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔

## ممتاز عالم دین علامہ عون نقوی کے گھر پر مسلح افراد کے حملہ اور اہل خانہ کو ہراساں کرنے کا سختی سے نوٹس لیا جائے، ارکان صوبائی اسمبلی

کراچی۔۔۔4مئی2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین صوبائی اسمبلی نے ممتاز عالم دین علامہ عون نقوی کے گھر پر مسلح افراد کے حملہ، والدہ، اہلیہ اور بچوں کو ہراساں کرنے کے واقعہ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ مسلح حملہ آور گھر میں علامہ عون نقوی کو تلاش کرتے رہے جس سے صاف ظاہر ہے کہ وہ علامہ عون نقوی کو اغواء یا قتل کرنے کی نیت سے داخل ہوئے تھے اوراس کے پسِ پردہ موجود مذموم عزائم حملہ آوروں کی گرفتاری کے بعد ہی ظاہر ہوسکتے ہیں۔حق پرست ارکان صوبائی اسمبلی نے مطالبہ کیا کہ علامہ عون نقوی کے گھر پر مسلح افراد کے حملہ اور اہل خانہ کو ہراساں کرنے کے واقعہ کا سختی سے نوٹس لیا جائے اوراس میں ملوث مسلح عناصر کو فی الفور قانون کی گرفت میں لیکر قرار واقعی سزا دی جائے۔

## حق پرست عوام محمد ایوب کی صحت یابی کیلئے دعا کریں،الطاف حسین کی اپیل

لندن۔۔۔4مئی2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم حیدرآباد زون کے سابق ذمہ دار عبدالقیوم کے بڑے بھائی محمد ایوب کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور انکی جلد ومکمل صحتیابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست عوام ماؤں بہنوں، بزرگوں اور نوجوانوں سے اپیل کی کہ وہ محمد ایوب کی مکمل صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں۔

## کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی کے جبری برطرف افسران کو فی الفور بحال کیا جائے،رابطہ کمیٹی
## جبری طور پر برطرف کیے گئے ایک افسر مشتاق کیانی برطرفی کی اطلاع سن کر حرکت قلب بند ہونے سے انتقال کر گئے

کراچی۔۔۔4مئی2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے مطالبہ کیا ہے کہ کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی کی انتظامیہ کی جانب سے ادارے کے 294افسران کی جبری برطرفی کا فی الفور نوٹس لیا جائے اور تمام افسران کو بحال کر کے متاثرہ گھرانوں میں پائی جانیوالی بے چینی کو ختم کیا جائے۔اپنے مشترکہ بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی کی انتظامیہ کی جانب سے 294افسران کی نوکریوں سے جبری برطرف سے افسران شدید بے چینی اور پریشانی کا شکار ہیں جبکہ روزگار ختم ہونے سے متاثرہ خاندان کے افراد فاقہ کشی کی کربناک زندگی گذارنے پر مجبور ہیں۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی کی انتظامیہ نے ایک سینئر جنرل منیجر،8جنرل منیجر،8ڈپٹی جنرل منیجرز،26منیجرز،22اسٹنٹ منیجرز،25جونیئر آفیسرز اور 200مختلف افسران نوکریوں سے برطرف کیا ہے جبکہ جبری برطرف کیے گئے افسران میں سے ایک افسر مشتاق کیانی جبری برطرفی کی اطلاع سن کر حرکت قلب بند ہوجانے سے انتقال کر گئے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی کی انتظامیہ نے کراچی کو اندھیروں میں دھکیلنے کی سازش تیار کر لی ہے، جنریشن اور گرڈ اسٹیشن سے تربیت یافتہ سوئچ بورڈ آپریٹر سے انتہائی تربیت یافتہ ملازمین اور افسران کو بہ یک جنبش قلم سروس سے نکال دیا گیا ہے جوسراسر ناانصافی اور فطری قوانین دفاع کے خلاف عمل ہے اس طرح انہیں دفاع کے موقع بھی نہیں دیا گیا جبکہ شہریوں کو زائد بیلنگ کر کے RPD کے ذریعے ہراساں کرنا شروع کر دیا گیا ہے اور جو افسران اور ملازمین ان کی ہدایت پر عمل نہیں کرتے انہیں نوکری سے فارغ کر دیا گیا اور باقی کو فارغ کر دینے کی دھمکیاں دی جارہی ہیں۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ قوانین کے تحت کوئی بھی ادارہ کسی بھی ملازم کو شوکاز نوٹس جاری کیے بغیر نوکریوں سے برطرف نہیں کرسکتا جبکہ کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی کی انتظامیہ نے بلا کوئی شوکاز نوٹس نکالے 294ملازمین کو نوکریوں سے برطرف کر دیا ہے جو قوانین کی کھلی خلاف ورزی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایک جانب حکومت ملک سے بے روزگاری مٹانے کیلئے اقدامات کر رہی ہے جبکہ دوسری کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی کی انتظامیہ نے سینکڑوں افراد کو روزگار سے جبری برطرف کر کے دیدہ دلیری سے حکومتی رٹ کو چیلنج کیا بلکہ حکومتی اقدامات کی صریحاً خلاف ورزہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔رابطہ کمیٹی نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی کے جبری برطرف کیے گئے ملازمین کو جلد از جلد بحال کیا جائے اور تمام ملازمین کو بحال کر کے ملازمین کے ساتھ ناانصافی کو ختم کیا جائے۔رابطہ کمیٹی نے کے ای ایس سی کے افسر مشتاق کیانی مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور مرحوم کی مغفرت اور بلند درجات کیلئے فاتحہ خوانی کی۔

## لاہور میں جعل ساز کمپنیوں کا فی الفور نوٹس لیا جائے، غریب اور بیروزگار افراد کی عمر بھر کی جمع پونجی فی الفور واپس دلانے کیلئے مثبت اقدامات کئے جائیں، افتخار اکبر رندھاوا، ڈاکٹر علی حسین

لاہور۔۔۔4، مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان افتخار اکبر رندھاوا اور ڈاکٹر علی حسین نے مطالبہ کیا ہے کہ لاہور میں بیرون ملک بھجوانے کا جھانسہ دیکر بیروزگار اور غریب عوام کو لوٹنے والی کمپنیوں کے خلاف سخت ترین کارروائی عمل میں لائی جائے۔ اپنے مشترکہ بیان میں رابطہ کمیٹی کے اراکین نے کہا کہ ملک میں مہنگائی اور بیروزگاری کے باعث عوام پہلے ہی تنگ دستی میں مبتلا ہیں اور کسمپرسی کی زندگی گزار رہے ہیں اور ایسے حالات میں غریب اور بیروزگار افراد کو بیرون ملک بھجوانے کا جھانسہ دیکر رقوم بٹورنے والی کمپنیاں اور ان کے ایجنٹ کسی بھی قسم کی رعایت کے مستحق نہیں ہوسکتے۔ رابطہ کمیٹی کے ارکان نے کہا کہ نام نہاد کمپنیاں اور ان کے ایجنٹ جعل سازی کرکے جس طرح سے غریب عوام کو زندگی بھر کی کمائی سے محروم کررہے ہیں انکا یہ افسوسناک عمل غریب عوام کو خودکشی کی جانب دھکیلنے کے مترادف ہے۔ افتخار اکبر رندھاوا اور ڈاکٹر علی حسین نے گورنر پنجاب سلمان تاثیر اور وزیراعلیٰ پنجاب شہباز شریف سے مطالبہ کیا کہ لاہور میں جعل ساز کمپنیوں کا فی الفور نوٹس لیا جائے اور غریب اور بیروزگار افراد کی عمر بھر کی جمع پونجی فی الفور واپس دلانے کیلئے عملی اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔

☆☆☆☆☆